فوری ریلیز کے لیے: 21/10/2025 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر Hochul نے واشنگٹن کے ری پبلیکنز کو تنقید کا نشانہ بنایا جن کی وجہ سے 140,000 نیو یارک کے باشندوں کے لیے نگہداشت صحت کے اخراجات تقریباً40 % بڑھ گئے ہیں

متاثرہ نیو یارک کے باشندوں کو اب بڑھتے ہوئے پریمیمز کے بارے میں نوٹس موصول ہو رہے ہیں

حسب استطاعت نگہداشت کے ایکٹ کے تحت فراہم کردہ بہتر پریمیم ٹیکس کریڈٹس پر انحصار کرنے والے نیو یارک کے باشندوں کے لیے بڑھتے ہوئے اخراجات

افراد کے لیے اوسط سالانہ اضافہ تقریباً $1,400 اور شادی شدہ جوڑوں کے لیے $3,000 تک

گورنر Hochul (ہوکل) نے آج واشنگٹن کے ری پبلیکنز کو تنقید کا نشانہ بنایا جن کی وجہ سے 140,000 نیو یارک کے باشندوں کے لیے نگہداشت صحت کے اخراجات میں بے تحاشہ اضافہ ہوا ہے۔ چونکہ GOP نے موجودہ بہتر پریمیم ٹیکس کریڈٹس میں توسیع سے انکار کر دیا ہے، وہ نیو یارک کے باشندے جو حسب استطاعت اور معیاری کوریج کے لیے ACA سبسڈیز پر انحصار کرتے ہیں اب اس بارے میں نوٹس وصول کر رہے ہیں کہ اگلے سال ان کے بیمہ صحت کے پریمیمز میں اوسطاً 38 فیصد اضافہ ہوگا جو افراد کے لیے اوسط سالانہ تقریباً $1,400 اور شادی شدہ جوڑوں کے لیے $3,000 کے اضافے کے برابر ہے۔ یہ خبر ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب نیو یارک کے باشندے اوپن انرولمنٹ کی تیاری کر رہے ہیں جس کا آغاز 1 نومبر سے ہونا طے ہے۔

"واشنگٹن میں ری پبلیکنز نے یہ واضح کر دیا ہے کہ انہیں نیو یارک کے باشندوں کی صحت کی کوئی پرواہ نہیں ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "یہ شرم کی بات ہے۔ حسب استطاعت نگہداشت کے ایکٹ کے ٹیکس کریڈٹس میں توسیع سے انکار کر کے (Affordable Care Act, ACA)وہ اپنے ہی ووٹرز سے منہ موڑ رہے ہیں نیز حسب استطاعت اور معیاری نگہداشت صحت تک ان کی رسائی چھین رہے ہیں۔ کانگریس میں ری پبلیکنز کو درست قدم اٹھانے کی ضرورت ہے نیز ان ٹیکس کریڈٹس میں توسیع کرنی چاہیے جو نیو یارک کے باشندوں کے لیے بیمہ صحت کو حسب استطاعت بناتے ہیں۔"

H.R.1 کے تحت نافذ کردہ وفاقی فنڈنگ میں کٹوتیوں کی وسعت کو مدِنظر رکھتے ہوئے، جنہیں اب GOP کے شٹ ڈاؤن اور بہتر پریمیم ٹیکس کریڈٹس کی معیاد ختم ہونے سے مزید سنگین بنا دیا گیا ہے، نیو یارک سمیت کوئی بھی ریاست ان نقصانات کی تلافی کے لیے فنڈنگ فراہم کرنے کے قابل نہیں ہوگی۔

گورنر کانگریشنل ری پبلیکنز پر زور دے رہی ہیں کہ وہ درست فیصلہ کریں اور بہتر پریمیم ٹیکس کریڈٹس میں توسیع کریں جو نیو یارک کے باشندوں کے لیے انشورنس کو زیادہ حسب استطاعت بناتے ہیں۔

ماہانہ نگہداشت صحت کے بڑھتے ہوئے اخراجات کا علاقائی تجزیہ:

علاقہ	ایک جوڑے کے اخراجات میں اوسط ماہانہ	ایک جوڑے کے اخراجات میں اوسط ماہانہ

	اضافہ ($)	اضافہ (%)
New York City	$211	38%
Mid-Hudson	$206	31%
Long Island	$219	32%
Capital Region	$231	33%
Western New York	$267	38%
Central New York	$256	43%
Finger Lakes	$248	42%
Mohawk Valley	$270	49%
Southern Tier	$265	48%
North Country	$253	44%
ریاست گیر	$228	38%

ریاستی کمیشنر برائے صحت Dr. James McDonald (جیمز مکڈونل) نے کہا، "میں گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے ان نیو یارک کے باشندوں کے لیے آواز بلند کی جو اپنے نگہداشت صحت کے اخراجات کو حسب استطاعت رکھنے کے لیے حسب استطاعت نگہداشت کے ایکٹ کے بہتر پریمیم ٹیکس کریڈٹس پر انحصار کرتے ہیں۔ یہ محنتی عام لوگ ہیں جو حسب استطاعت بیمہ صحت کے حقدار ہیں۔ اوپن انرولمنٹ کی مدت کے آغاز میں زیادہ وقت نہیں بچا اور اگر وفاقی سطح پر فوری کارروائی نہ کی گئی تو بڑھتے ہوئے پریمیمز کا خطرہ تیزی سے ایک حقیقت بنتا جا رہا ہے۔ بہتر پریمیم ٹیکس کریڈٹس کی میعاد ختم ہونے دینا ان محنتی نیو یارک کے باشندوں کے لیے تباہ کن ثابت ہوگا جو خوراک، کرائے یا اپنی زندگی بچانے کے لیے ضروری نگہداشت صحت کے اخراجات میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں